# امتحانی پرچہ اسلامیات لازمی برائے گیارہویں جماعت

## ممتحنین (Paper Setters) کے لیے ضروری ہدایات

اسلامیات لازمی برائے گیارہویں جماعت کا سالانہ پرچہ 50 نمبروں پر مشتمل ہوگا، جس کے لیے طلبہ کو دو گھنٹے کا وقت دیا جائے گا۔ یہ پرچہ تین اجزا پر مشتمل ہوگا، جس کی تقسیم (Pairing Scheme) حسبِ ذیل ہے:

| | | |
|---|---|---|
| **حصہ اول:** | کثیر الانتخابی سوالات | (کل نمبر 10) |
| **حصہ دوم:** | مختصر سوالات | (کل نمبر 20) |
| **حصہ سوم:** | (i) ترجمہ احادیث مبارکہ | (کل نمبر 4) |
| | (ii) تفصیلی سوالات | (کل نمبر 16) |

نوٹ: یہ پیرنگ سکیم (Pairing Scheme) حذف شدہ عنوانات کو ملحوظ رکھ کر بنائی گئی ہے اور صرف تعلیمی سیشن 26-2025 کے لیے بنائی گی ہے۔

**درج بالا تینوں حصوں کے مختلف سوالات کی تیاری کے لیے درج ذیل ہدایات کو ملحوظ رکھیں:**

| | | | |
|---|---|---|---|
| **حصہ اول** | **سوال نمبر 1:** کثیر الانتخابی سوالات (MCQs) | کل نمبر (10) | کثیر الانتخابی سوالات کی تیاری کے لیے پوری کتاب کے متن کو ملحوظ رکھیں۔ جس کی تقسیم حسبِ ذیل ہے: باب اوّل، باب چہارم، باب پنجم، باب ششم اور باب ہفتم میں سے ایک ایک سوال، باب دوم میں سے تین اور باب سوم میں سے دو کثیر الانتخابی سوالات بنائے جائیں۔ |
| **حصہ دوم** | **سوال نمبر 2:** مختصر سوالات **(باب اول تا سوم)** | کل نمبر (10) | اس حصے میں کل آٹھ (8) مختصر سوالات بنائے جائیں، جن میں سے پانچ (5) سوالات کے جواب دینے کا کہا جائے۔ اس حصے کے سوالات صرف بابِ اول، باب دوم اور باب سوم کی مشقوں میں سے ہی پوچھے جائیں۔ **(ہر باب سے کم از کم دو سوال شامل کریں۔)** |
| | **سوال نمبر 3:** مختصر سوالات **(باب چہارم تا ہفتم)** | کل نمبر (10) | اس حصے میں کل آٹھ (8) مختصر سوالات بنائے جائیں، جن میں سے پانچ (5) سوالات کے جواب دینے کا کہا جائے۔ اس حصے کے سوالات صرف بابِ چہارم، باب پنجم، باب ششم اور باب ہفتم کی مشقوں میں سے ہی پوچھے جائیں۔ **(چاروں ابواب سے دو دو سوال شامل کریں۔)** |
| حصہ سوم | **سوال نمبر 4:** **احادیث کا ترجمہ** | کل نمبر (4) | باب اوّل میں دی گئی منتخب احادیث میں سے چار احادیث پرچے میں دی جائیں، جن میں سے دو کا ترجمہ پوچھا جائے۔ ایک حدیث کا ترجمہ کرنے کے کل نمبر دو (2) ہیں۔<br>**نوٹ:** احادیث کا ترجمہ صرف بابِ اول میں دی گئی منتخب شدہ گیارہ (11) احادیث میں سے ہی پوچھا جائے، کتاب میں دوسرے مقامات پر دی گئی احادیث/ حذف شدہ احادیث کا ترجمہ نہ پوچھا جائے۔ |
| | **سوال نمبر 5:** **تفصیلی سوالات** | کل نمبر (4) | کتاب کی مشقوں میں دیے گئے تفصیلی سوالات میں سے چار (4) دیے جائیں اور ان میں سے دو سوالوں کا جواب پوچھا جائے۔ ہر سوال کا جواب آٹھ (8) نمبروں پر مشتمل ہوگا۔ ان چار (4) سوالوں کے لیے اجزا کا انتخاب درج ذیل ترتیب کے مطابق کیا جائے اور حذف شدہ عنوانات میں سے سوال نہ دیے جائیں:<br>(i) پہلا جز باب اوّل یا باب سوم سے لیا جائے۔<br>(ii) دوسرا جز باب دوم سے لیا جائے۔<br>(iii) تیسرا جز باب چہارم یا باب پنجم سے لیا جائے۔<br>(iv) چوتھا جز باب ششم یا باب ہفتم سے لیا جائے۔ |

PECTAA